JS

جہانگیر صدیقی اینڈ کمپنی لمیٹڈ

اکیسواں سالانہ اجلاس عام کی اطلاع

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ جہانگیر صدیقی اینڈ کمپنی لمیٹڈ ("کمپنی") کا اکیسواں سالانہ اجلاس عام مصدقہ بیلنس شیٹ کی انجام دہی کیلئے بروز پیر 05 اپریل 2013ء کو صبح 11:30 بجے بمقام ہال نمبر 2 ہوٹل ایکسٹینشن میٹروپولیٹن شاہراہ فیصل، کراچی میں منعقد ہوگا۔

عمومی کاروائی:

(1) 31 دسمبر 2012ء کو ختم شدہ اٹھارہ ماہ کی مدت کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ حساب کتاب اور منتقلی بالیانس کو شامل کرتے ہوئے ان پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور و خوض اور منظوری۔

(2) کمپنی کے چیئرمین آف ڈائریکٹرز کی سفارش پر 31 دسمبر 2012ء کو مکمل شدہ اٹھارہ ماہ کی مدت کیلئے منافع منقسمہ بشرح 7.5% یعنی 0.75 روپے فی شیئر کی منظوری اور اعلان کرنا۔

(3) 31 دسمبر 2013ء کو ختم ہونے والے سال کے لئے کمپنی کے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے مشاہرہ کا تعین کرنا۔

بحکم بورڈ

نوید کھجانی
کمپنی سیکرٹری
کراچی: 14 مارچ 2013ء

نوٹ:

(1) کمپنی کی شیئر بک 30 مارچ 2013ء سے 05 اپریل 2013ء تک (دونوں دن شامل ہیں) بند رہیں گے۔

(2) سینٹرل ڈپازٹری سسٹم کے تحت نوٹیفکیشن اور ڈپازٹ ریگولیشنز جو کمپنی کے رجسٹرار میسرز ایم سی بی فنانشل سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، کیپٹل ٹاور 241-C، بلاک 2، پی ای سی ایچ ایس کراچی کی جانب سے 29 مارچ 2013ء کو کاروباری اوقات کے اختتام پر موصول ہوں گی انہیں منافع منقسمہ کے استحقاق اور اجلاس میں شرکت کی غرض سے بروقت تصور کیا جائیگا۔

(3) کمپنی کا کوئی بھی ممبر جو اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حقدار ہے وہ اپنے بجائے شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لئے کسی دوسرے ممبر کو اپنا پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسی کو کمپنی کا ممبر ہونا ضروری ہے۔

(4) پراکسیاں کمپنی کے ہیڈ آفس میں دوران اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل موصول ہو جانی چاہئیں۔

(5) شیئرز کے بینیفشل اونرز یا سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (CDC) کے نام میں رجسٹرڈ ہیں اور ان کی پراکسیوں کو مصدقہ بینک بیلنس اور شناختی دستاویز کا حامل ہونا ضروری ہے اور سیکرٹریز آف کمپنی سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے مقرر کردہ گائیڈ لائنز:

الف۔ اجلاس میں شرکت کیلئے:

(i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا سب اکاؤنٹ ہولڈر کو جن کی رجسٹریشن تفصیلات CDC ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ ہیں وہ اجلاس میں شرکت کرتے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ مع پارٹیسپنٹ آئی ڈی نمبر اور اکاؤنٹ نمبر کی اس کی شناخت کی تصدیق کرانا ہوگی۔

(ii) کارپوریٹ انٹیٹی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی مع نامزد کردہ شخص کے نمونہ دستخط اجلاس کے وقت پیش کرنا ہونگے (اگر پہلے سے فراہم نہیں کیے گئے)۔

ب۔ پراکسی تقرر پر اکتساب:

(i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز کو جن کی رجسٹریشن تفصیلات CDC ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ ہیں انہیں مندرجہ بالا شرائط کے مطابق پراکسی فارم پیش کرنا ہوگا۔

(ii) پراکسی فارم پر دو اشخاص کی گواہیاں موجود ہوں جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ نمبرز فارم پر درج ہوں۔

(iii) بینیفشل اونرز اور پراکسی کے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ لازماً منسلک کرنی ہوں گی۔

(iv) پراکسی اجلاس کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرے۔

(v) کارپوریٹ انٹیٹی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی مع نامزد کردہ شخص کے نمونہ دستخط پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو پیش کیا جائے (اگر پہلے سے فراہم نہیں کیے گئے)۔

(6) شیئر ہولڈرز سے التماس ہے کہ وہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی سے متعلق کمپنی کے رجسٹرار کو فوراً اطلاع کریں۔

(7) کمپنیز (انوسٹمنٹ ان ایسوسی ایٹڈ کمپنیز یا ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز) ریگولیشنز 2013 کے ریگولیشن (2) 8 کے تحت انکم ٹیکس (ترمیمی) آرڈیننس 2013 کے ساتھ پڑھا جائے۔

شیئر ہولڈرز کو ہدایت:

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ("SECP") نوٹیفکیشن نمبر SRO-831(1)2012 مورخہ 5 جولائی 2012 کی تکمیل میں سابق نوٹیفکیشن نمبر SRO-779(1)2011 مورخہ 18 اگست 2011 کے احترام میں SECP تمام لسٹڈ کمپنیز کو ہدایت کرتی ہے کہ وہ منافع منقسمہ کے وارنٹ پر رجسٹرڈ ممبران کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) نمبر/نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) درج کریں۔ نوٹیفکیشن کے مطابق شیئر ہولڈرز سے التماس ہے کہ وہ منافع منقسمہ کے وارنٹس پر پرنٹنگ/انٹرپریٹنگ کیلئے اپنے رجسٹرڈ ممبر سے رجوع کریں جو میسرز ایم سی بی فنانشل سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، کیپٹل ٹاور 241-C بلاک 2، پی ای سی ایچ ایس آف شاہراہ فیصل کراچی کو اپنے کارآمد کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ/پاسپورٹ (صرف برائے نان ریذیڈنٹس) کی ایک نقل فراہم کریں۔

کارآمد کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی (اگر قبل ازیں فراہم نہیں کی گئی ہو) کی عدم وصولی اور مندرجہ بالا ضرورت کی عدم تعمیل کی صورت میں کمپنی SECP ایکٹ آرڈیننس اور ہدایات کے مطابق اپنے شیئر ہولڈرز کو منافع منقسمہ کے وارنٹس کی ترسیل روک دینے پر مجبور ہوگی۔

کارپوریٹ انٹیٹیز کو یہ بھی ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ مندرجہ بالا دیئے گئے پتے پر NTN نمبرز ارسال کریں۔